الیکشن کمیشن آف پاکستان
Media Coordination and Outreach Wing
پریس ریلیز

مورخہ 15جون 2022اسلام آباد

حلقہ این اے240کورنگی کراچی- IIمیں ضمنی انتخاب16 جون 2022کو ہو گا۔اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف، پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پریذائیڈنگ افسرنے ریٹرننگ افسرسے آج مورخہ15جون کو پولنگ بیگ وصول کرلیے ہیں پولیس پریذائیڈنگ افسران کو سکیورٹی فراہم کررہی ہے انتخابی عمل کے مکمل ہونے تک پولنگ سٹاف کے ہمراہ رہیں گے۔ حلقے میں قائم تمام 309پولنگ اسٹیشنز پر سکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ پولیس اوررینجرز کے اہلکار لاء اینڈ آرڈر کو یقینی بنانے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن فارم 45 کی تصویر کھنچتے وقت موبائل پراپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسر کو وٹس ایپ (WhatsApp)پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرننگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسر کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسر کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کرے گا اور مذکورہ بالا فرانزک (Forensic)تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کرے گا۔ الیکشن کمیشن نے ہدایات دی ہیں کہ ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ا یجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہو گا۔

ریٹرننگ افسر نے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا ہے جو پولنگ کے عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتا رہے گا اس کنٹرول روم میں ریٹرننگ افسر کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، پولیس اور رینجرز کے حکام یاان کے نمائندگان موجود رہیں گے تا کہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنٹرول روم قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلاتعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرزاور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

سنٹرل کنٹرول روم اسلام آباد ۱۔ فون نمبر 9204403 -051---051-9210837

051-92108380----051-9204402

۲۔ فیکس نمبر051-9204404

۳۔ ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com

صوبائی کنٹرول روم سندھ،کراچی۔

۱۔ فون نمبر 051-99205338

۲۔ ای میل ایڈریس pecelection123@gmail.com

کنٹرول روم DRO/RO کورنگی کراچی-I ۱۔ فون نمبر 051- 99333938 موبائل نمبر0334-3314836

۲۔ای میل ایڈریس deckorangi.ecp@gmail.com

الیکشن کمیشن اس بات کی توقع کرتا ہے کہ حلقہ کے ووٹر اپنا حق رائے دہی پرامن انداز میں استعمال کریں گے اور اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے تعینات کردہ اہلکار ان سے بھرپورتعاون کریں گے۔